علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
کلیہ عربی و علوم اسلامیہ
شعبہ قرآن و تفسیر

## وارننگ

عزیز طلبہ ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: علم التجوید (1966) سمسٹر: خزاں 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ (تخصص قرآن و تفسیر)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

# امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ نمبر: 1 تا 5)

سوال نمبر 1۔ فضائل تلاوت قرآن مجید پر مضمون لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 2۔ تجوید کا لغوی و اصطلاحی مفہوم بیان کریں نیز بتائیں کہ لحن سے کیا مراد ہے؟ نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3۔ صفات کا معنی و مفہوم بیان کریں۔ صفات لازمہ سے کیا مراد ہے؟ نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 4۔ حروف حلقی کتنے ہیں؟ ان کا مخرج کیا ہے؟ حروف شجریہ کن حرفوں کو کہتے ہیں؟ نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5۔ مخارج پر مضمون تحریر کیجئے۔ (20)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ نمبر: 6 تا 9)

سوال نمبر 1۔ قراءات قرآنیہ سے کیا مراد ہے؟ ایک مضمون تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 2۔ حروف کے مخارج اور ان کے اصطلاحی ناموں کو ترتیب سے بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 3۔ نون ساکنہ اور میم ساکنہ کے احکام کو بیان کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 4۔ تجوید کے قواعد کو ترتیب کے ساتھ تحریر کیجئے۔ (20)

سوال نمبر 5۔ تجوید اور قراءات کے فضائل تحریر کیجئے۔ (20)